## EEA کے ان شہریوں کے لئے آمدنی کا تحفظ جن کے داخلے پر پابندی لگائی گئی ہے

حکومت نے ان غیر ملکی کارکنوں کے لئے معاوضہ کی ایک نئی اسکیم متعارف کروائی ہے جو داخلے کی سخت پابندیوں کے سبب ناروے میں ملازمت پر آ نہیں سکتے ہیں۔ اس تجویز سے مراد یہ ہے کہ متاثرہ ملازمین کو 29 جنوری کے بعد کی مدت کے لئے معاوضہ دیا جائے گا۔

– صورت حال کافی مشکل ہے ان بہت سے غیر ملکی افراد کیلئے جو ناروے میں ملازمت کرتے ہیں جبکے ان کی رہائش دوسرے ممالک میں ہے۔ چونکہ 29 جنوری کو سرحد بند ہونے کے بعد ان افراد کو کام پر آنے کا موقع نہیں ملا اور بہت سارے افراد کو تنخواہ نہیں ملی۔ وزیراعظم ارنا سولبرگ کا کہنا ہے کہ اب ہم بیماری کی بنا پرتنخواہ کی بنیاد پر نئے معاوضے کی اسکیم تجویز کررہے ہیں، کیونکہ اس طرح سے کسی اسکیم کو قدرے تیزی سے رائج کیا جاسکتاہے۔

منگل کی صبح وزیراعظم نے سویڈش وزیراعظم اسٹیفن لافون سے ان انتظامات کے متعلق ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

– مجھے خوشی ہے کہ ہمیں ایک ایسا حل مل گیا ہے جس سے ناروے میں کام کرنے والے بہت سے سویڈش افراد کی صورتحال کو آسان بنایا جاسکتا ہے، سولبرگ کا کہنا ہے۔

## EEA سے تعلق رکھنے والے کارکن 29جنوری سے معاوضہ وصول کرسکتے ہیں۔

نئی معاوضہ اسکیم کا اطلاق EEA کے علاقے میں رہنے والےروزمرہ کی بنیاد آنے والے ملازمین پر ہوگا جو بند سرحدوں سے متاثر ہیں۔ اِس اسکیم کا اطلاق 29 جنوری سے ہوگا جب داخلے پر پابندی عائد کی گئی تھی، اور جب تک ملازمین کے داخلے پر پابندی ہوگی اس وقت تک جاری رہے گی۔

- بہت سے غیر ملکی کارکنان نے قومی انشورنس اسکیم میں حقوق حاصل کیے ہیں۔ ناروے میں انفیکشن کی بڑھتی ہوئی شرح کے ساتھ ، ہمیں طویل عرصے تک داخلے کی سخت پابندیوں کی توقع رکھنی ہوگی۔ وزیر محنت و سماجی امور تھور بیورن روے اساکسن کا کہنا ہے کہ اس لیے، ایسی اسکیم کا ہونا ضروری ہے جس سے یہ یقینی بنایا جا سکےکہ متاثرہ ملازمین جن کو تنخواہ نہیں ملتی ہے ، ان کے پاس گزر بسر کے لیے کچھ ہو۔

ناروے میں کام کرنے والے ، سویڈش اور فن لینڈ کے سرحدی علاقوں میں مقیم وہ افراد جو روزانہ کام کے لیے آتے جاتے ہیں انہیں 1مارچ سے ملازمت پر واپس آنے کی اجازت ایک سخت ٹیسٹ اور کنٹرول نظام کے تحت دی گئی ہے ۔ ان یومیہ بنیادوں پر آنے والے افراد فروری میں ہونے والی آمدنی کے نقصان کا معاوضہ وصول کرسکتے ہیں ۔

**یہ معاوضہ بیماری کی بنیاد پر ملنے والے معاوضہ کا 70فیصد ہے ۔**

حکومت کی تجویز ہے کہ متاثرہ ملازمین کو 6G تک بیماری کی بنیاد پر ملنے والے معاوضے کا 70فیصد ملے گا ۔ یہ تقریباً اتنا معاوضہ بنتا ہے جتنا کام عارضی طور پر چھوٹنےپر ملازمین کو ملتا ہے ۔ معاوضے کی ادائیگی کی ذمہ داری آجر کو دی جاتی ہے جس کو بعد میں NAV والے ادائیگی کردیں گے ۔

جن آجروں نے اسکیم کے عمل میں آنے سے پہلے ہی اجرت کی ادائیگی کا انتخاب کیا ہے وہ بھی بیماری کی بنیاد پر ملنے والے معاوضے کے 70 فیصد کے حساب سے واپس معاوضہ وصول کر سکیں گے۔ اگر ملازمین چھٹی لے چکے ہیں تو وہ بھی معاوضہ وصول کرسکتے ہیں اگر وہ آجر کے ساتھ تعطیلات میں تبدیلی پر متفق ہوجائیں۔

حکومت جلد ہی اسٹورٹنگ کو ضروری قانونی اختیارات اور بجٹ کے فیصلوں کے ساتھ تجاویز, پیش کرے گی۔